Paper : **II**

Subject : **URDU**

Subject Code : **22**

Roll No. | | | | | | | | |

(Figures as per admission card)

OMR Sheet No. : ________________

**BOOKLET SERIAL NO.**

**Name & Signature of Invigilator/s**

Signature : ______________________________

Name : ______________________________

Time : 2 Hours

Maximum Marks : 200

Number of Pages in this Booklet : **16**

Number of Questions in this Booklet : **100**

**ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳಿಗೆ ಸೂಚನೆಗಳು**

1. ಈ ಪುಟದ ಮೇಲ್ತುದಿಯಲ್ಲಿ ಒದಗಿಸಿದ ಸ್ಥಳದಲ್ಲಿ ನಿಮ್ಮ ರೋಲ್ ನಂಬರನ್ನು ಬರೆಯಿರಿ.
2. ಈ ಪತ್ರಿಕೆಯು ಬಹು ಆಯ್ಕೆ ವಿಧದ ನೂರು (100) ಪ್ರಶ್ನೆಗಳನ್ನು ಒಳಗೊಂಡಿದೆ.
3. ಪರೀಕ್ಷೆಯ ಪ್ರಾರಂಭದಲ್ಲಿ, ಪ್ರಶ್ನೆ ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ನಿಮಗೆ ನೀಡಲಾಗುವುದು. ಮೊದಲ 5 ನಿಮಿಷಗಳಲ್ಲಿ ನೀವು ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ತೆರೆಯಲು ಮತ್ತು ಕೆಳಗಿನಂತೆ ಕಡ್ಡಾಯವಾಗಿ ಪರೀಕ್ಷಿಸಲು ಕೋರಲಾಗಿದೆ.
   (i) ಪ್ರಶ್ನೆಪುಸ್ತಿಕೆಗೆ ಪ್ರವೇಶಾವಕಾಶ ಪಡೆಯಲು, ಈ ಹೊದಿಕೆ ಪುಟದ ಅಂಚಿನ ಮೇಲಿರುವ ಪೇಪರ್ ಸೀಲನ್ನು ಹರಿಯಿರಿ. ಸ್ಟಿಕ್ಕರ್ ಸೀಲ್ ಇಲ್ಲದ ಅಥವಾ ತೆರೆದ ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ಸ್ವೀಕರಿಸಬೇಡಿ.
   (ii) **ಪುಸ್ತಿಕೆಯಲ್ಲಿನ ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ ಮತ್ತು ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆಯನ್ನು ಮುಖಪುಟದ ಮೇಲೆ ಮುದ್ರಿಸಿದ ಮಾಹಿತಿಯೊಂದಿಗೆ ತಾಳೆ ನೋಡಿರಿ. ಪುಟಗಳು/ಪ್ರಶ್ನೆಗಳು ಕಾಣೆಯಾದ ಅಥವಾ ದ್ವಿಪ್ರತಿ ಅಥವಾ ಅನುಕ್ರಮವಾಗಿಲ್ಲದ ಅಥವಾ ಇತರ ಯಾವುದೇ ವ್ಯತ್ಯಾಸದ ದೋಷಪೂರಿತ ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ಕೂಡಲೆ 5 ನಿಮಿಷದ ಅವಧಿ ಒಳಗೆ, ಸಂವೀಕ್ಷಕರಿಂದ ಸರಿ ಇರುವ ಪುಸ್ತಿಕೆಗೆ ಬದಲಾಯಿಸಿಕೊಳ್ಳಬೇಕು. ಆ ಬಳಿಕ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಬದಲಾಯಿಸಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ, ಯಾವುದೇ ಹೆಚ್ಚು ಸಮಯವನ್ನೂ ಕೊಡಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ.**
4. ಪ್ರತಿಯೊಂದು ಪ್ರಶ್ನೆಗೂ (A), (B), (C) ಮತ್ತು (D) ಎಂದು ಗುರುತಿಸಿದ ನಾಲ್ಕು ಪರ್ಯಾಯ ಉತ್ತರಗಳಿವೆ. ನೀವು ಪ್ರಶ್ನೆಯ ಎದುರು ಸರಿಯಾದ ಉತ್ತರದ ಮೇಲೆ, ಕೆಳಗೆ ಕಾಣಿಸಿದಂತೆ ಅಂಡಾಕೃತಿಯನ್ನು ಕಪ್ಪಾಗಿಸಬೇಕು.

   **ಉದಾಹರಣೆ :** (A) (B) ● (D)

   (C) ಸರಿಯಾದ ಉತ್ತರವಾಗಿದ್ದಾಗ.
5. ಈ ಪ್ರಶ್ನೆ ಪತ್ರಿಕೆಯ ಜೊತೆಯಲ್ಲಿ **ಕೊಟ್ಟಿರುವ OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯಲ್ಲಿ ನಿಮ್ಮ ಉತ್ತರಗಳನ್ನು ಸೂಚಿಸತಕ್ಕದ್ದು**. OMR ಹಾಳೆಯಲ್ಲಿ ಅಂಡಾಕೃತಿಯಲ್ಲದೆ ಬೇರೆ ಯಾವುದೇ ಸ್ಥಳದಲ್ಲಿ ಉತ್ತರವನ್ನು ಗುರುತಿಸಿದರೆ, ಅದರ ಮೌಲ್ಯಮಾಪನ ಮಾಡಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ.
6. OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯಲ್ಲಿ ಕೊಟ್ಟ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ಜಾಗರೂಕತೆಯಿಂದ ಓದಿರಿ.
7. ಎಲ್ಲಾ ಕರಡು ಕೆಲಸವನ್ನು ಪುಸ್ತಿಕೆಯ ಕೊನೆಯಲ್ಲಿ ಮಾಡತಕ್ಕದ್ದು.
8. ನಿಮ್ಮ ಗುರುತನ್ನು ಬಹಿರಂಗಪಡಿಸಬಹುದಾದ ನಿಮ್ಮ ಹೆಸರು ಅಥವಾ ಯಾವುದೇ ಚಿಹ್ನೆಯನ್ನು, ಸಂಗತವಾದ ಸ್ಥಳ ಹೊರತು ಪಡಿಸಿ, OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯ ಯಾವುದೇ ಭಾಗದಲ್ಲಿ ಬರೆದರೆ, ನೀವು ಅನರ್ಹತೆಗೆ ಬಾಧ್ಯರಾಗುತ್ತೀರಿ.
9. ಪರೀಕ್ಷೆಯು ಮುಗಿದನಂತರ, ಕಡ್ಡಾಯವಾಗಿ OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯನ್ನು ಸಂವೀಕ್ಷಕರಿಗೆ ನೀವು ಹಿಂತಿರುಗಿಸಬೇಕು ಮತ್ತು ಪರೀಕ್ಷಾ ಕೊಠಡಿಯ ಹೊರಗೆ OMRನ್ನು ನಿಮ್ಮೊಂದಿಗೆ ಕೊಂಡೊಯ್ಯಕೂಡದು.
10. ಪರೀಕ್ಷೆಯ ನಂತರ, ಪರೀಕ್ಷಾ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಮತ್ತು ನಕಲು OMR ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಯನ್ನು ನಿಮ್ಮೊಂದಿಗೆ ತೆಗೆದುಕೊಂಡು ಹೋಗಬಹುದು.
11. **ನೀಲಿ/ಕಪ್ಪು ಬಾಲ್‌ಪಾಯಿಂಟ್ ಪೆನ್ ಮಾತ್ರವೇ ಉಪಯೋಗಿಸಿರಿ.**
12. **ಕ್ಯಾಲ್ಕುಲೇಟರ್, ವಿದ್ಯುನ್ಮಾನ ಉಪಕರಣ ಅಥವಾ ಲಾಗ್ ಟೇಬಲ್ ಇತ್ಯಾದಿಯ ಉಪಯೋಗವನ್ನು ನಿಷೇಧಿಸಲಾಗಿದೆ.**
13. **ಸರಿ ಅಲ್ಲದ ಉತ್ತರಗಳಿಗೆ ಋಣ ಅಂಕ ಇರುವುದಿಲ್ಲ.**
14. **ಕನ್ನಡ ಮತ್ತು ಇಂಗ್ಲೀಷ್ ಆವೃತ್ತಿಗಳ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಗಳಲ್ಲಿ ಯಾವುದೇ ರೀತಿಯ ವ್ಯತ್ಯಾಸಗಳು ಕಂಡುಬಂದಲ್ಲಿ, ಇಂಗ್ಲೀಷ್ ಆವೃತ್ತಿಗಳಲ್ಲಿರುವುದೇ ಅಂತಿಮವೆಂದು ಪರಿಗಣಿಸಬೇಕು.**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your roll number in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of Hundred multiple-choice type of questions.
3. At the commencement of examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and compulsorily examine it as below :
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of the cover page. Do not accept a booklet without sticker seal or open booklet.
   (ii) **Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to pages/questions missing or duplicate or not in serial order or any other discrepancy should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.**
4. Each item has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.

   **Example** : (A) (B) ● (D)

   where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated in the **OMR Sheet kept inside this Booklet.** If you mark at any place other than in the circles in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Read the instructions given in OMR carefully.
7. Rough Work is to be done in the end of this booklet.
8. If you write your name or put any mark on any part of the OMR Answer Sheet, except for the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return the OMR Answer Sheet to the invigilators at the end of the examination compulsorily and must NOT carry it with you outside the Examination Hall.
10. You can take away question booklet and carbon copy of OMR Answer Sheet after the examination.
11. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
12. **Use of any calculator, electronic gadgets or log table etc., is prohibited.**
13. **There is no negative marks for incorrect answers.**
14. **In case of any discrepancy found in the Kannada translation of a question booklet the question in English version shall be taken as final.**

# URDU

## Paper – II

**ہدایات:** یہ پرچہ سو **(100)** معروضی سوالات پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے دو **(2)** نشانات مختص ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔

**1.** "پرتھوی راج راسو" کس مصنف سے منسوب ہے ؟

(A) سارنگ دھر

(B) ہیم چندر

(C) چند بردائی

(D) اکرم روہتکی

**2.** "ہریانوی" کا دوسرا نام کیا ہے ؟

(A) اردھ ماگدھی (B) بانگڑو

(C) بگھیلی (D) میتھلی

**3.** اردو میں انفی مصوتوں (Nasal Consonants) کی تعداد کتنی ہے ؟

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

**4.** اردو زبان کے آغاز کے سلسلے میں یہ نظریہ کس نے پیش کیا کہ اردو زبان کا مولد و منشا دہلی اور نواحِ دہلی ہے ۔

(A) پروفیسر مسعود حسین خاں

(B) شوکت سبزواری

(C) سہیل بخاری

(D) ڈاکٹر زور

**5.** لسانیات کو زبان کی پیدائش، ارتقا اور موت سے متعلق علم کس نے قرار دیا ؟

(A) مسعود حسین خاں (B) عصمت جاوید

(C) عبدالستار دلوی (D) ڈاکٹر زور

**6.** کسی زبان میں الفاظ کی مخصوص اور بامعنیٰ ترتیب کا مطالعہ کس کے تحت آتا ہے ؟

(A) صرفیات (B) نحویات

(C) لسانیات (D) معنیات

**7.** زبان اور اس کے متعلقات کا منظم مطالعہ کس کے تحت کیا جاتا ہے ؟

(A) لسانیات (B) فرہنگ زبان

(C) قواعد زبان (D) صوتیات

**8.** وید کس دور میں لکھے گئے ؟

(A) 1000ق.م تا 500 ق.م

(B) 500 ق.م تا 1000 عیسوی

(C) 500 ق.م تا مولود مسیح

(D) 1500ق.م تا 1000 ق.م

**9.** اردو زبان کا تاریخی رشتہ کس زبان سے جاکر ملتا ہے ؟

(A) ماگدھی پراکرت

(B) اردھ ماگدھی پراکرت

(C) شورسینی پراکرت

(D) مہاراشٹری پراکرت

**10.** ذیل میں کون سی بولی کا تعلق مغربی ہندی سے نہیں ہے ؟

(A) بندیلی (B) اودھی

(C) قنوجی (D) کھڑی بولی

**11.** ذوق کو کس نے حیدر آباد آنے کی دعوت دی تھی ؟

(A) نواب میر محبوب علی خاں آصف سادس

(B) مہاراجہ کشن پرشاد شادؔ

(C) نواب میر عثمان علی خاں آصف سابع

(D) مہاراجہ چندو لال شاداں

**12.** گریز کا دوسرا نام کیا ہے ؟

(A) نسیب (B) مخلص

(C) حسن مطلع (D) مقتضب

**13.** ذیل میں دو جملے دیئے گئے ہیں ایک کو بیان اور دوسرے کو توجیہ کا نام دیا گیا ہے ۔

بیان : قصیدہ ایک پُرشکوہ صنف ہے جس کے لہجے میں طنطنہ اور آہنگ میں گھن گرج کا احساس ہوتا ہے ۔

توجیہ : قصیدے میں آسان زبان نرم الفاظ اور عام فہم تراکیب استعمال کی جاتی ہیں ۔

ان جملوں کے سیاق میں ذیل کا کونسا جواب صحیح ہے ؟

(A) بیان صحیح، توجیہ غلط

(B) بیان صحیح، توجیہ بھی صحیح

(C) بیان غلط، توجیہ بھی غلط

(D) بیان غلط، توجیہ صحیح

**14.** مصحفی نے اپنے تذکرے میں کس شاعر کو قصیدے کا نقاشِ اول کہا ہے ۔

(A) نصرتی

(B) سلطان محمد قلی قطب شاہ

(C) انشاء اللہ خاں انشاء

(D) سودا

**15.** کس صنف کے لیے تخلیق سے قبل ذہن میں خاکہ تیار کرنا ضروری ہے ؟

(A) قصیدہ (B) مرثیہ

(C) مثنوی (D) غزل

**16.** مثنوی سے متعلق کون سے بیانات درست ہیں ۔

1) مثنوی میں غزل کی طرح رمز و کنایہ میں بات کی جاتی ہے ۔

2) مثنوی میں طویل مربوط اور مکمل شعری کارنامہ انجام دینا ممکن ہے ۔

3) مثنوی کم فرصتی میں بھی لکھی جاسکتی ہے ۔

4) واقعہ نگاری مثنوی کی اہم خصوصیت ہے ۔

(A) دوسرا اور چوتھا

(B) تیسرا اور چوتھا

(C) پہلا اور دوسرا

(D) پہلا اور تیسرا

**17.** زمانی ترتیب کے لحاظ سے صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے۔

(A) سحر البیان، پھول بن، کدم راؤپدم راؤ، قطب مشتری

(B) قطب مشتری، پھول بن، سحر البیان، کدم راؤپدم راؤ

(C) کدم راؤپدم راؤ، پھول بن، سحر البیان، قطب مشتری

(D) کدم راؤپدم راؤ، قطب مشتری، پھول بن، سحر البیان

**18.** غالب نے شخصی مرثیہ کس کی وفات پر لکھا؟

(A) مومن

(B) عارف

(C) بہادر شاہ ظفر

(D) مفتی صدر الدین آزردہ

**19.** میر انیس نے کس کی ایماء پر "حزیںؔ" کے بجائے انیس تخلص اختیار کیا؟

(A) ناسخ (B) آتش

(C) مصحفی (D) میر حسن

**20.** ؎ مری قدر کر اے زمین سخن
تجھے بات میں آسماں کر دیا
کس شاعر نے یہ دعویٰ کیا تھا

(A) میر

(B) سودا

(C) میر انیس

(D) دبیر

**21.** کس شاعر نے اپنے آپ کو "غالب شکن" کہا؟

(A) یگانہ چنگیزی

(B) جوش

(C) فراق

(D) شاد عظیم آبادی

**22.** حالی نے کس صنف کو بے وقت کی راگنی کہا۔

(A) مثنوی (B) مرثیہ

(C) قصیدہ (D) غزل

**23.** اردو شاعری کی تاریخ میں حسرت موہانی کا نام ایک منفرد حیثیت کا حامل ہے اس لیے کہ

1) انھوں نے دم توڑتی ہوئی غزل کو حیات نو بخشی

2) انھوں نے مجاہدانہ عزم اور پامردی کے ساتھ جنگ آزادی میں حصہ لیا

3) انھوں نے سیاسی شاعری کو بامِ عروج پہنچایا

4) انھوں نے زبان لکھنو میں رنگ دہلی کو خاص شان سے ظاہر کیا

(A) 1 ، 2 ، 3

(B) 1 ، 4

(C) 2 ، 3 ، 4

(D) 2 ، 4

**24.** کس شاعر نے دکن اور شمالی ہند کی ادبی روایات کی کڑیاں جوڑ دیں نیز دکنی اور عجمی عناصر کے امتزاج سے شاعری کو نیا لب ولہجہ عطا کیا۔

(A) سراج اورنگ آبادی

(B) افضل

(C) ولی

(D) آبرو

**25.** ذیل میں ایک بیان اور اس کی توجیہ دی گئی ہے اسے غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے ۔

بیان : میر تقی میر ان شعراء میں ہیں جن کے کلام کا تجزیہ آسان نہیں۔

توجیہ : نشتریت ، تغزل، سہل ممتنع ان میں سے کسی اصطلاح سے میر کے مجموعی رنگ کی ترجمانی نہیں ہوتی۔

(A) بیان غلط ہے توجیہ صحیح ہے

(B) بیان صحیح ہے توجیہ غلط ہے

(C) بیان بھی غلط ہے اور توجیہ بھی غلط ہے

(D) بیان بھی صحیح ہے توجیہ بھی صحیح ہے

**26.** ؎ اپنا زمانہ آپ بناتے ہیں اہل دل

ہم وہ نہیں جن کو زمانہ بنا گیا

یہ شعر کس کا ہے ؟

(A) حسرت موہانی (B) جگر مراد آبادی

(C) اصغر گونڈوی (D) فانی بدایونی

**27.** فانی ابتداء میں کیا تخلص کرتے تھے ؟

(A) شوکت (B) شبیر

(C) آہی (D) حسرتی

**28.** ذیل میں شعراء اور ان کے کلام کے مجموعوں کے نام دیئے گئے ہیں صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے ۔

1) عرفان صدیقی — الف ۔ آیات وجدانی

2) شہریار — ب۔ نشاط روح

3) اصغر گونڈوی — ج۔ اسم اعظم

4) یگانہ چنگیزی — د۔ عشق نامہ

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | الف | ب | ج |
| (B) | ج | د | ب | الف |
| (C) | الف | ج | د | ب |
| (D) | د | ج | ب | الف |

**29.** ذیل کے شعر میں خالی جگہ کو پُر کیجیے ۔

؎ مجلس میں رات ایک ترے پرتوے بغیر

کیا شمع کیا پتنگ ہر اک بے ______

(A) قصور تھا

(B) غرور تھا

(C) حضور تھا

(D) ظہور تھا

**30.** جگر مراد آبادی کو کس یونیورسٹی نے ڈی۔لٹ کی اعزازی ڈگری دی ؟

(A) عثمانیہ یونیورسٹی

(B) جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

(C) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

(D) دہلی یونیورسٹی

**31.** "نئی اردو نظم نے شاعری کی روایتی زبان کو مسترد کر دیا۔ لوک گیتوں اور ہندی زبان کے نرم عناصر کو قبول کر کے اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کیا" یہ بیان کس کا ہے ؟

(A) آل احمد سرور (B) خلیل الرحمن اعظمی

(C) شمس الرحمن فاروقی (D) عنوان چشتی

**32.** دنیا کے رنگ انوکھے ہیں

جو میرے سامنے رہتا ہے اس کے گھر میں گھر والی ہے

اور دائیں پہلو میں اک منزل کا ہے مکان، وہ خالی ہے

اور بائیں جانب اک عیاش ہے جس کے یہاں ایک داشتہ ہے

اور ان سب میں، میں بھی ہوں ، لیکن بس تو ہی نہیں

ہیں اور تو سب ، آرام مجھے، اک گیسوؤں کی خوشبو ہی نہیں

یہ بند میراجی کی کس نظم سے ماخوذ ہے

(A) جاتری

(B) کلرک کا نغمۂ محبت

(C) رس کی انوکھی لہریں

(D) اونچا مکان

**33.** نظم "فرضی لطیفہ" میں اکبر الہ آبادی نے کن دو کرداروں کا مکالمہ پیش کیا ہے ؟

(A) عاشق اور معشوق

(B) مجنوں اور لیلیٰ کی ماں

(C) مالک اور نوکر

(D) استاد اور شاگرد

**34.** رکے جب تو سل چیر دیتی ہے یہ

پہاڑوں کے دل چیر دیتی ہے یہ

اس شعر میں شاعر کا اشارہ کس کی طرف ہے ؟

(A) جُوئے کہستاں

(B) باد گلستاں

(C) شبیر نیستاں

(D) آہ عاشقاں

**35.** کس شاعر نے خود کو اپنے عہد کا "حافظ و خیام" کہا ہے ؟

(A) جوش ملیح آبادی

(B) علامہ اقبال

(C) فراق گورکھپوری

(D) فیض احمد فیض

**36.** ذیل میں شفیق فاطمہ شعریٰ کا مجموعہ کلام کون سا ہے ؟

(A) گل تر (B) صد برگ

(C) باز یابی (D) زمین زمین

**37.** دکن کے کس شاعر نے عوامی موضوعات کو موضوع سخن بنایا ؟

(A) محمد قلی قطب شاہ

(B) ملا وجہی

(C) ابن نشاطی

(D) ہاشمی بیجاپوری

**38.** زمانی اعتبار سے صحیح زمرہ کون سا ہے ؟

(A) اقبال، سمعیل میرٹھی، چکبست، حالیؔ

(B) حالی، اسمعیل میرٹھی، اقبال، چکبست

(C) اسمعیل میرٹھی، اقبال، حالی، چکبست

(D) حالی، چکبست، اقبال، اسمعیل میرٹھی

**39.** اردو میں نظم آزاد کو فروغ دینے میں کن شعرا کا نمایاں حصہ رہا ؟

(A) اختر الایمان اور مخدوم محی الدین

(B) ن۔ م۔ راشد اور میراجی

(C) جوش اور فیض

(D) کیفی اعظمی اور جاں نثار اختر

**40.** بچوں کی نفسیات کے حوالے سے کس شاعر کی نظمیں کامیاب کہی جاسکتی ہیں ؟

(A) سرور جہاں آبادی (B) شبلی

(C) اسمعیل میرٹھی (D) محمد حسین آزاد

**41.** سنسکرت ڈراما "پربودھ چندرودے" سے کونسی داستان ماخوذ ہے ؟

(A) بوستان خیال (B) فسانۂ عجائب

(C) سب رس (D) باغ و بہار

**42.** آزاد بخت کس داستان کا کردار ہے ؟

(A) باغ و بہار (B) سب رس

(C) بوستان خیال (D) فسانۂ عجائب

**43.** زمانی اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجئے ۔

(A) فضلی – وجہی – میرامن – انشاء

(B) وجہی – فضلی – انشاء – میرامن

(C) انشاء – فضلی – وجہی – میرامن

(D) وجہی – انشاء – میرامن – فضلی

**44.** ذیل میں ڈراما نگار اور ان کے ڈراموں کے نام درج ہیں۔ صحیح ترتیب کی نشان دہی کیجیے۔

1) محمد حسن — الف ۔ یہودی کی لڑکی

2) حبیب تنویر — ب۔ انار کلی

3) امتیاز علی تاج — ج ۔ آگرہ بازار

4) آغا حشر کاشمیری — د۔ ضحاک

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | د | ج | الف | ب |
| (B) | ب | ج | د | الف |
| (C) | د | ج | ب | الف |
| (D) | ج | ب | الف | د |

**45.** ان میں سے کس تصنیف میں عربی اور فارسی الفاظ سے گریز کیا گیا ہے ؟

(A) کربل کتھا (B) باغ وبہار

(C) سب رس (D) رانی کیتکی کی کہانی

**46.** داستان کے بارے میں کونسا بیان درست ہے ؟

(A) طویل ناول کو داستان کہتے ہیں ۔

(B) داستان کا بنیادی مقصد حقیقت نگاری ہے

(C) داستان میں قصہ در قصہ کی ٹکنیک استعمال کی جاتی ہے

(D) داستان میں وحدت تاثر ہوتا ہے

**47.** کتب فروش کون سے ڈرامے کا کردار ہے ؟

(A) خانہ جنگی (B) آگرہ بازار

(C) ضحاک (D) مٹی کا بلاوا

**48.** اردو ڈراما نگار کی حیثیت سے آغا حشر کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ :

الف۔ انھوں نے اردو ڈرامے کو اعتبار بخشا

ب۔ انھیں اردو کا شیکسپیر کہا جاتا ہے

ج۔ ان کے منظوم ڈرامے ہوا کرتے تھے

د۔ ان کا کوئی ڈراما اسٹیج نہیں ہوا

(A) الف۔ ب (B) الف۔ ج

(C) د۔ ب (D) ج۔ ب

**49.** تجسس، تحیر اور طوالت کس صنف کی خصوصیات ہیں ؟

(A) مختصر افسانہ (B) داستان

(C) خاکہ (D) انشائیہ

**50.** سب رس میں دل کا جاسوس کون ہے ؟

(A) نظر (B) قامت

(C) ہمت (D) عقل

**51.** دیہی اور شہری زندگی کی کڑیاں پریم چند کے کس ناول میں ملائی گئی ہیں ؟

(A) گئودان (B) جلوۂ ایثار

(C) بازارِ حسن (D) گوشۂ عافیت

**52.** توبۃ النصوح کا کون سا کردار مذہب کے علاوہ نئی تہذیبی قدروں کا منکر ہے ؟

(A) حمیدہ (B) صالحہ

(C) نعیمہ (D) نصوح

**53.** کس ناول نگار نے ٹیلی گراف، اِن پرنٹ اور Illustrated Weekly (السٹریٹڈ ویکلی) میں خدمات انجام دیں ۔

(A) پریم چند

(B) عبد اللہ حسین

(C) عبدالحلیم شرر

(D) قرۃ العین حیدر

**54.** کن ناول نگاروں نے لکھنو کی تہذیبی زندگی کامیاب مرقع پیش کیا ہے ؟

(A) سرشار اور پریم چند

(B) سرشار اور مرزا رسوا

(C) نذیر احمد اور عبدالحلیم شرر

(D) عصمت چغتائی اور الیاس احمد گدی

**55.** الیاس احمد گدی کا ناول " فائر ایریا " کس سنہ میں شائع ہوا ؟

(A) 1974ء (B) 1984ء

(C) 1994ء (D) 2004 ء

**56.** عصمت چغتائی کا کون سا افسانہ " ڈائری کی تکنیک " پر مبنی ہے ؟

(A) چھوٹی آپا (B) سفر میں

(C) میرا بچہ (D) ساس

**57.** کس افسانہ نگار پر جیمس جوائس اور ورجینا وولف کا اثر واضح طور پر نظر آتا ہے ؟

(A) جیلانی بانو

(B) عصمت چغتائی

(C) خواجہ احمد عباس

(D) قرۃ العین حیدر

**58.** جیلانی بانو کا پہلا افسانہ "موم کی مریم" کس رسالہ میں شائع ہوا ؟

(A) نیا دور (B) ادب لطیف

(C) ادبی دنیا (D) آج کل

**59.** افسانہ " تین عورتیں " کس کی تخلیق ہے ؟

(A) خواجہ احمد عباس

(B) سہیل عظیم آبادی

(C) اقبال مجید

(D) کرشن چندر

**60.** ذیل میں ناول نگاروں اور ان کے ناولوں کے نام دیئے گئے ہیں ۔ صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے ۔

1) ڈپٹی نذیر احمد — الف ۔ آگ کا دریا

2) شوکت صدیقی — ب ۔ بستی

3) انتظار حسین — ج ۔ خدا کی بستی

4) قرۃ العین حیدر — د ۔ توبۃ النصوح

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ج | ب | الف | د |
| (B) | د | ج | ب | الف |
| (C) | الف | ب | د | ج |
| (D) | د | ب | ج | الف |

**61.** رومانی تنقید کا بنیاد ساز کون ہے ؟

(A) آئی۔ اے۔ رچرڈس

(B) لان جائی نس

(C) ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ

(D) میتھو آرنلڈ

**62.** کس نقاد نے جذباتی اور حوالہ جاتی زبان کا تصور تشکیل دیا۔

(A) ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ

(B) ارسطو

(C) آئی۔اے رچرڈس

(D) افلاطون

**63.** Tradition and Individual Talent

(روایت اور انفرادی صلاحیت) کا مصنف کون ہے ؟

(A) ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ (B) میتھو آرنلڈ

(C) سقراط (D) ارسطو

**64.** درج ذیل بیان کس کا ہے ۔

" ہمارے شعراء کے تذکرے گو جدید اصول کے مطابق نہ لکھے گئے ہوں، تاہم ان میں بہت سی باتیں مل جاتی ہیں جو ایک محقق اور ادیب کی نظروں میں جواہر ریزوں سے کم نہیں "۔

(A) کلیم الدین احمد (B) احتشام حسین

(C) مجنوں گور کھپوری (D) مولوی عبدالحق

**65.** "کتاب المعارف " کا مصنف کون ہے ؟

(A) ابن سلام الجمحی

(B) قدامہ ابن جعفر

(C) ابن رشیق

(D) ابن قتیبہ

**66.** ذیل میں محققین اور ان کی کتابوں کے نام دیئے گئے ہیں صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے ۔

| | | |
|---|---|---|
| 1) | قاضی عبدالودود | الف ۔ تذکرہ مخزن نکات |
| 2) | مولوی عبدالحق | ب۔ عبدالحق بحیثیت محقق |
| 3) | رشید حسن خاں | ج ۔ تحقیق کا فن |
| 4) | گیان چند جین | د۔ اردو املا |

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | الف | د | ج |
| (B) | الف | ج | د | ب |
| (C) | ج | د | ب | الف |
| (D) | ب | د | الف | ج |

**67.** ذیل میں ناقدوں اور ان کی کتابوں کے نام دئیے گئے ہیں ۔ صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے ۔

1) الطاف حسین حالی — الف ۔ ادب اور سماج

2) احتشام حسین — ب۔ مقدمۂ شعر و شاعری

3) کلیم الدین احمد — ج ۔ نئے پرانے چراغ

4) آلِ احمد سرور — د۔ عملی تنقید

| | 1 | 2 | 3 | 4 |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ب | الف | د | ج |
| (B) | الف | د | ج | ب |
| (C) | ب | د | الف | ج |
| (D) | د | ج | ب | الف |

**68.** "ایک محقق کے لیے ضروری ہے کہ وہ مبالغہ آرائی سے بچے اور سچ اور حق بات کو لکھنے کی کوشش کرے چاہے وہ بات اس کے خلاف ہی کیوں نہ ہو"

مندرجہ بالا بیان کس کا ہے ؟

(A) مولوی عبدالحق

(B) امتیاز علی عرشی

(C) قاضی عبدالودود

(D) رشید حسن خاں

**69.** "پرکھ اور پہچان" کے مصنف کون ہیں ؟

(A) جمیل جالبی (B) ڈاکٹر زور

(C) قاضی عبدالودود (D) گیان چند جین

**70.** یہ بیان کس کا ہے ؟

"تحقیق اور تدوین کے نقطۂ نظر سے ہمیشہ متن مصنف کی ملکیت رہتا ہے "۔

(A) گیان چند جین (B) رشید حسن خاں

(C) مولوی عبدالحق (D) جمیل جالبی

درج ذیل اقتباس پر مشتمل سوال نمبر **71**, **72** اور **73** کے جواب کی نشاندہی کیجیے ۔

" رات کو ستار لے کر تاج چلا جاتا ہے ۔اس کی چھت پر جمنا کے رُخ پر بیٹھ جاتا ہے ، پھر جوں ہی چاندنی پھیلنے لگتی ستار پر کوئی گیت چھیڑ دیتا اور اس میں محو ہوجاتا ۔ کیا کہوں اور کس طرح کہوں کہ فریبِ تخیل کے کیسے جلوے انہی آنکھوں کے سامنے گذر چکے ہیں ۔"

**71.** یہ اقتباس کس مجموعۂ خطوط سے لیا گیا ہے ؟

(A) رقعاتِ غالب (B) کاروانِ خیال

(C) اُردوئے معلٰی (D) غبارِ خاطر

**72.** اس خط کا مکتوب اِلیہ کون ہے ؟

(A) حبیب الرحمٰن خاں شروانی

(B) حکیم اجمل خاں

(C) سلیمان ندوی

(D) عبدالسلام ندوی

**73.** اس مکتوب میں مکتوبِ الیہ کے لئے کیا القاب استعمال ہوئے ہیں ؟

(A) صدیقی العزیز (B) صدیق مکرم

(C) صدیق محشرم (D) مجی

**74.** اچھا خط وہ کہا جاسکتا ہے جس میں لکھنے والا اپنے مخاطب سے باتیں کرتا ہوا نظر آئے جس میں بے تکلفی، بے ساختگی، خلوص، فطری رنگ، انفرادیت اور ذاتی تاثرات کی جھلک ہو۔
یہ خیال کس نقاد کا ہے ؟

(A) احتشام حسین (B) آلِ احمد سرور

(C) عبدالحق (D) شمس الرحمٰن فاروقی

**75.** ذیل میں ایک دعویٰ اور دلیل دی گئی ہے انہیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے ۔

دعویٰ : "الفاروق" حضرت عمرؓ کی جامع سوانح عمری ہے ۔

دلیل : اس میں حضرتِ عمر کی مفصل حیات اور جملہ کارناموں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط

(B) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح

(C) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح

(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط

**76.** اُردو میں سوانح نگاری کے بنیاد گزاروں میں کن کے نام آتے ہیں ؟

(A) مولانا حالی و شبلی

(B) مولانا حالی و محمد حسین آزاد

(C) سر سید اور شبلی

(D) شبلی اور رزاق کانپوری

**77.** "جنونِ لطیفہ" کس کا انشائیہ ہے ؟

(A) مشتاق احمد یوسفی

(B) پطرس بخاری

(C) کنہیالال کپور

(D) سجاد حیدر یلدرم

**78.** خاکہ نگاروں کے زمرے کی نشاندہی کیجیے ۔

(A) رشید احمد صدیقی، حالی، سجاد حیدر یلدرم

(B) سجاد حسین، مہدی افادی، ابنِ انشاء

(C) شبلی، مجتبیٰ حسین، سید علی بلگرامی

(D) عبد الحق، رشید احمد صدیقی، خواجہ احمد فاروقی

**79.** اُردو کا پہلا سفر نامہ نگار کون ہے ؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) محسن الملک

(C) یوسف خاں کمبل پوش

(D) سرسید

**80.** "اس آباد خرابے میں" کتنے ابواب پر مشتمل ہے

(A) آٹھ (B) دس

(C) بارہ (D) پندرہ

**81.** ذیل میں دو جملے دیے گئے ہیں ۔ ایک کو بیان اور دوسرے کو توجیہ کا نام دیا گیا ہے ۔

بیان : حلقہ ارباب ذوق کو بنانے اور سنوارنے میں میراجی نے اساسی کردار ادا کیا۔

توجیہ : میراجی کے زیر اثر نوجوان فن کار ترجمے کی طرف مائل ہوئے ۔

ان جملوں کے سیاق میں ذیل کا کون سا جواب صحیح ہے ۔

(A) بیان صحیح ہے، توجیہ غلط

(B) بیان غلط ہے، توجیہ صحیح

(C) بیان غلط ہے، توجیہ بھی غلط

(D) بیان صحیح ہے، توجیہ بھی صحیح

**82.** دبستان لکھنؤ کے کس شاعر کے یہاں تصوف کی چاشنی عشق کی کیف و مستی اور قلندرانہ شان ملتی ہے ؟

(A) ناسخ (B) آتش

(C) جرات (D) مصحفی

**83.** رام بابو سکسینہ نے کس دور کو "عہد زریں" سے تعبیر کیا ہے ؟

(A) میر و سودا

(B) غالب و ذوق

(C) آتش و ناسخ

(D) انشا اور مصحفی

**84.** ؎ کام ہے میرا تغیر نام ہے میرا شباب
میرا نعرہ انقلاب و انقلاب و انقلاب

یہ شعر کس کا ہے ؟

(A) علی سردار جعفری

(B) فراق گورکھپوری

(C) جوش ملیح آبادی

(D) معین احسن جذبی

**85.** ترقی پسند تحریک سے قبل کس نے ترقی پسندی کا ایک جامع تصور پیش کیا۔

A) عزیز احمد

(B) اختر حسین رائے پوری

(C) سردار جعفری

(D) خلیل الرحمٰن اعظمی

**86.** دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ سے وابستہ ادیبوں کے زمرے کی نشان دہی کیجیے ۔

(A) سلیمان ندوی۔ عبدالسلام ندوی، عبدالماجد دریابادی، شمس اللہ قادری

(B) ظفر علی خاں۔ جوش ملیح آبادی۔ وحیدالدین سلیم، مولوی عبدالحق

(C) نصیرالدین ہاشمی۔ ڈاکٹر زور۔ عبدالقادر سروری صوفی عبدالجبار ملکاپوری

(D) عبدالسلام ندوی۔ مولوی عبدالحق۔ ڈاکٹرزور، شمس اللہ قادری

**87.** ؎ لام نستعلیق کا ہے اس بت خوش خط کی زلف
ہم تو کافر ہیں اگر بندے نہ ہوں اسلام کے

اس شعر میں ایہام کس لفظ میں پایا جاتا ہے ؟

(A) اسلام (B) خوش خط

(C) کافر (D) بت

**88.** لندن میں ترقی پسند تحریک کا خاکہ بنانے والوں میں سجاد ظہیر کے علاوہ اور کون اردو شاعر شامل تھا ؟

(A) فیض احمد فیض

(B) جان نثار اختر

(C) محمد بن تاثیر

(D) مجاز

**89.** تحریک ایہام گوئی کا شاعر کون ہے جس نے ولی کے دیوان سے گہرا اثر لیا؟

(A) حاتمؔ (B) آبرو

(C) رنگین (D) ناجی

**90.** انتشار، تنہائی اور داخلیت کس تحریک کے اہم عناصر ہیں ؟

(A) حلقہ ارباب ذوق

(B) جدیدیت

(C) علی گڑھ تحریک

(D) ترقی پسند تحریک

**91.** ہائیکو میں کتنے صوت رکن (syllable) ہوتے ہیں ؟

(A) پندرہ (B) سترہ

(C) انیس (D) اکیس

**92.** کس صنف میں اردو اور ہندی کی دوئی ختم ہوجاتی ہے ؟

(A) غزل (B) مرثیہ

(C) گیت (D) قصیدہ

**93.** جس رباعی کے تیسرے مصرعے میں قافیہ نہ ہو اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) دوبیتی (B) ترانہ

(C) مصرّع (D) خصی

**94.** کس صنف میں غزل کے عاشق کی نیاز مندی اور خودسپردگی کی بجائے اس کے پندار و خود داری کا اظہار ہوتا ہے ؟

(A) قصیدہ (B) واسوخت

(C) دوہا (D) رباعی

**95.** دوسرے شعرا کی غزل کی تضمین کی سب سے مقبول شکل کون سی ہے ؟

(A) مخمس (B) مسدس

(C) مسبع (D) مثمن

**96.** پیروڈی کے لیے کون سا وصف لازمی ہے ؟

(A) صنائع بدائع کا استعمال

(B) بلند آہنگ لہجہ

(C) سنجیدگی اور متانت

(D) مزاح وظرافت

**97.** ترجمے کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

**98.** کس مزاح نگار نے کالم نگاری میں بھی شہرت حاصل کی ؟

(A) فکر تونسوی

(B) پطرس

(C) رشید احمد صدیقی

(D) مرزا فرحت اللہ بیگ

**99.** کس نے " رپور تاژ " کو صحافت اور افسانے کی درمیانی کڑی کہا ؟

(A) کرشن چندر

(B) سجاد ظہیر

(C) عزیز احمد

(D) سردار جعفری

**100 .** اخبار کے نام کی تختی کے نیچے چھپنے والا پہلا مضمون کیا کہلاتا ہے ؟

(A) شذرہ (B) کالم

(C) فیچر (D) اداریہ

**Space for Rough Work**